حکومتِ پاکستان

اپریل

۲۰۲۶

# ہفتہ وار موسم کی صورتحال





ہفتہ - ۴

۲۲-۳۰ اپریل


قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

محکمہ موسمیات، پطرس بخاری روڈ، پوسٹ باکس نمبر۔ ۱۲۱۴، سیکٹر ایچ ۲\۸

اسلام آباد، پاکستان

# حکومت پاکستان

# محکمہ موسمیات


## قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز

فون:051 -9250598
فیکس:051 -9250368


## ہفتہ وار موسم کی صورتحال

۴ مئی ۲۰۲۶

اپریل ۲۰۲۶ کے چوتھے ہفتے (۳۰-۲۲ اپریل) کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں ہلکی سے معتدل بارش ریکارڈ کی گئی۔ تصویر ۱ میں بارش کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر اور پنجاب میں نمایاں بارش ہوئی۔ بلوچستان میں صرف ژوب اور اس کے گردونواح میں ۱ سے ۵ ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی، جبکہ باقی صوبہ بلوچستان اور سندھ خشک رہے۔ تصویر ۲ میں ہفتہ وار بارش کا معمول (۲۰۲۰-۱۹۹۱) سے موازنہ بتاتا ہے جس کے مطابق اس ہفتے ملک کے بیشتر حصوں میں بارش معمول سے کم رہی، جہاں سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے بعض علاقو ں میں منفی انحراف ۲۰ ملی میٹر تک ریکارڈ کیا گیا۔ تاہم بلوچستان کے شمالی علاقوں، گلگت بلتستان اور پنجاب کے بعض اضلاع مثلاً لاہور، سرگودھا، ملتان اور بہاولنگر میں معمول سے زیادہ بارش ہوئی، جہاں مثبت انحراف ۵ سے ۴۵ ملی میٹر سے زائد ریکارڈ کیا گیا۔ مجموعی طور پر ملک کا بڑا حصہ منفی انحراف کے زیرِاثر رہا۔





تصویر-۱: بارش کی مقامی تقسیم





تصویر-۲: بارش کا معمول سے انحراف

تصویر ۳ میں اپریل ۲۰۲۶ کے چوتھے ہفتے (۳۰-۲۲ اپریل) کے دوران پاکستان بھر میں اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے۔ ملک بھر میں اوسط درجہ حرارت تقریباً ۱۱ سے ۳۷ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔ سندھ، جنوبی پنجاب اور بیشتر بلوچستان میں اوسط درجہ حرارت ۲۹ سے ۳۷ ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے برعکس، خیبر پختونخوا، پنجاب کے بالائی حصوں، کشمیر اور گلگت بلتستان میں اوسط درجہ حرارت ۱۱ سے ۲۹ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا گیا۔ تصویر ۴ میں ہفتہ وار اوسط درجہ حرارت (۱۹۹۱—۲۰۲۰) کے موسمیاتی اوسط سے انحراف کو ظاہر کیا گیا ہے۔ اس ہفتے کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہا، جہاں ۱ سے ۳.۵ ڈگری سینٹی گریڈ تک مثبت انحراف ریکارڈ کیا گیا۔ تاہم خیبر پختونخوا کے ضلع دیر میں درجہ حرارت معمو ل سے کم رہا، جہاں درجہ حرارت میں تقریباً ۱ ڈگری سینٹی گریڈ تک کمی دیکھی گئی۔





تصویر-۳: اوسط درجہ حرارت کی مقامی تقسیم





تصویر-۴: اوسط درجہ حرارت کا معمول سے انحراف

تصویر ۵ میں (۱۹۹۱—۲۰۲۰) کے دورانیہ پر مبنی ۲۲ سے ۳۰ اپریل کے دوران بارشوں کی موسمیاتی اوسط جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے۔ اس ہفتے کے دوران ملک میں سب سے زیادہ معمول کی بارش شمالی خیبر پختونخوا، بالائی پنجاب اور کشمیر میں ہوتی ہے، جہاں بارش کی مقدار ۱۰ سے ۵۰ ملی میٹر کے درمیان ریکارڈ کی گئی ۔ جنوبی پنجاب، شمالی بلوچستان اور گلگت بلتستان میں معمول کی بارش ۱ سے ۱۰ ملی میٹر کے درمیان رہی ہے، جبکہ سندھ اور جنوب مغربی بلوچستان میں یہ ہفتہ عموماً خشک رہا. تصویر ۶ میں (۱۹۹۱—۲۰۲۰) کے دورانیہ پر مبنی ۲۲ سے ۳۰ اپریل کے دوران اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم د کھائی گئی ہے۔ ملک بھر میں معمول کا اوسط درجہ حرارت تقریباً ۱۲ سے ۳۶ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔ سندھ، جنوبی پنجاب اور بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں معمول کا اوسط درجہ حرارت ۲۶ سے ۳ ۶ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان ریکارڈ کیا گیا ۔ اس کے برعکس، خیبر پختونخوا، پنجاب کے بالائی حصوں، کشمیر اور گلگت بلتستان میں معمول کا اوسط درجہ حرارت ۱۲ سے ۲۶ ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا
.





تصویر-۵: بارش کے معمول کی مقامی تقسیم




تصویر-۶: اوسط درجہ حرارت کے معمول کی مقامی تقسیم

تصویرے زمینی پانی کے ذخیرے میں انحرافات کو ظاہر کرتا ہے، جو ناسا کے GRACE-FO سیٹلائٹ مشاہدات سے حاصل کیے گئے ہیں، اور اس میں ۲۲ سے ۲۸ اپریل کے دوران مٹی کی نمی کی صورتحال کو دکھایا گیا ہے، جس کا موازنہ طویل مدتی اوسط (۱۹۴۸ تا ۲۰۱۲) کے ساتھ کیا گیا ہے۔ خشک سالی کے اشاریوں کو تاریخی موسمیاتی اعداد و شمار کے تناظر میں فیصدی (percentile) کی صورت میں پیش کیا گیا ہے، جہاں کم فیصد (نارنجی سے سرخ رنگ) معمول سے خشک حالات کو ظاہر کرتے ہیں اور زیادہ فیصد (سبز سے نیلا رنگ) معمول سے زیادہ نمی والی صورتحال کی نشاندہی کرتے ہیں۔ بلوچستان کے بیشتر حصوں، سوائے مغربی بلوچستان کے کچھ اضلاع، اور صوبہ سندھ میں معمول سے زیادہ نمی کی سطح دیکھی گئی، جو پانی کی مناسب دستیابی کو ظاہر کرتی ہے۔ اس کے برعکس، خیبر پختونخوا، کشمیر، گلگت بلتستان اور صوبہ پنجاب کے کچھ علاقوں میں معمول سے کم نمی کی صورتحال پائی گئی، جو آبی دباؤ (hydrological stress) کی نشاندہی کرتی ہے۔




تصویر-۷: زمین کی سطح پر نمی کی مقدار

## ۴ سے ۱۰ مئی کے دوران موسم کی پیشنگوئی

۴ سے ۱۰ مئی ۲۰۲۶ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں موسم گرم اور خشک رہے گا، جبکہ جنوبی اور وسطی علاقوں میں شدید گرمی کی صورتحال متوقع ہے۔ ۴ مئی اور پھر ۱۰ مئی کو شمالی اور پہاڑی علاقوں میں کہیں کہیں ہلکی بارش، آندھی اور گرج چمک کے ساتھ طوفان آنے کے امکانات موجود ہیں، تاہم باقی دنوں میں ملک کے بیشتر حصوں میں موسم عمومی طور پر خشک اور گرم رہے گا۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN

APRIL
2026

# WEEKLY WEATHER UPDATE





## WEEK-4

22nd- 30th April


**National Drought Monitoring and Early Warning Centre**

PMD, Pitras Bokhari Road, Post Box No. 1214, Sector H-8/2,
Islamabad, Pakistan

URL: https://ndmc.pmd.gov.pk/new/

**GOVERNMENT OF PAKISTAN**
**PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT**
**(National Drought Monitoring Centre)**
**Islamabad**

Dated: 4th May, 2026

Tel: 051-9250598
Fax: 051-9250368

# Weekly Weather Update

During the fourth week of April 2026 (22-30 April), light to moderate rainfall was recorded in most parts of the country. Figure 1 shows the spatial distribution of rainfall, indicating significant rainfall over Khyber Pakhtunkhwa, Gilgit-Baltistan, Kashmir, and Punjab. In Balochistan, only Zhob and its surroundings received 1 to 5 mm of rainfall, while the rest of Balochistan and Sindh remained dry. Figure 2 shows the departure of weekly rainfall from the normal (1991-2020), indicating that rainfall remained below normal across most of the country, with negative departures of up to 20 mm in Sindh, Balochistan and some parts of Khyber Pakhtunkhwa. Notably, the northern areas of Balochistan, Gilgit-Baltistan and some parts of Punjab i.e., Lahore, Sargodha, Multan and Bahawalnagar districts received above-normal rainfall, with positive departures exceeding 5-45 mm.





*Figure 1: Spatial Distribution of Rainfall (mm)*





*Figure 2: Departure of Rainfall (mm)*

Figure 3 shows the spatial distribution of mean temperature across Pakistan during the fourth week of April 2026 (April 22-30). Mean temperatures ranged from approximately 11°C to 37°C across the country. Sindh, southern Punjab and most of Balochistan recorded the highest mean temperatures, ranging from 29°C to 37°C. Khyber Pakhtunkhwa, upper parts of Punjab, Kashmir and Gilgit-Baltistan experienced mean temperatures between 11°C and 29°C. Figure 4 presents the departure of weekly mean temperature from the climatological average (1991-2020). During this week, temperatures remained above normal across most of the country, with positive departures of 1°C to 3.5°C. However, Dir district of Khyber Pakhtunkhwa recorded temperatures below normal temperature up to 1°C.




Figure 3: Spatial Distribution of Mean Temperature (°C)




Figure 4: Departure of Mean Temperature (°C)

Figure 5 shows the climatological average geographical distribution of rainfall during 22-30 April based on the period (1991-2020). The highest normal rainfall in the country during this week occurs in northern Khyber Pakhtunkhwa, Upper Punjab and Kashmir where the amount is recorded between 10 and 50 mm. Southern Punjab, northern Balochistan and Gilgit-Baltistan receive normal rainfall between 1 and 10 mm, while Sindh and Southwestern Balochistan generally remain dry during this week. Figure 6 shows the geographical distribution of average temperature during 22-30 April based on the period (1991-2020). The normal average temperature across the country ranges from about 12 to 36 degrees Celsius. The normal average temperature is recorded in the range of 26 to 36 degrees Celsius in Sindh, southern Punjab and most of Balochistan. In contrast, the normal average temperature in Khyber Pakhtunkhwa, upper parts of Punjab, Kashmir and Gilgit-Baltistan ranges between 12 and 26 degrees Celsius.




Figure 5: Spatial Distribution of normal rainfall (mm)




Figure 6: Spatial Distribution of normal temperature (°C)

Figure 7 illustrates the anomalies in terrestrial water storage derived from NASA's GRACE-FO satellite observations, depicting soil moisture conditions during April 22-28, compared with the long-term average (1948-2012). Indicators of drought are presented in percentiles where lower percentiles (orange to red shades) represent drier-than-normal conditions and higher percentiles (green to blue shades) indicate wetter-than-normal conditions. Above-normal moisture levels were observed in Balochistan except western Balochistan district and Sindh province, indicating adequate water availability. Conversely, below-average moisture conditions were observed in Khyber Pakhtunkhwa, Kashmir, and Gilgit-Baltistan, and parts of Punjab province, indicating hydrological stress.





*Figure 7: Surface Soil Moisture (Percentile)*

## **Forecast for 4th to 10th May, 2026**

From 4 to 10 May 2026, most parts of the country will experience hot and dry weather, with very hot conditions in southern and central areas. There are slight chances of rain, windstorms, and thunderstorms at isolated places on 4 May and again on 10 May, mainly in northern and hilly regions, while the rest of the days will remain mostly dry and hot.

For drought update, visit NDMC official website:
https://ndmc.pmd.gov.pk/new/bulletins.php